
Bank بینک

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
01	حصہ الف کثیر الانتخابی سوالات	92
02	حصہ ب مختصر سوالات کے جوابات	94
	بینک کی تعریف	94
	بینک کی اقسام	94
	مرکزی بینک کے فرائض	94
	تجارتی بینک کے فرائض	95
	مرکزی بینک کا تعارف	95
	تجارتی بینک کا تعارف	
	سفتجہ کا تعارف	96
	زرعی بینک کے قیام کے مقاصد	
	بچت بینک کے قیام کے مقاصد	
	کوآپریٹو اور زرمبادلہ بینک کے فرائض	96
	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا تعارف	96
	پاکستان کے تجارتی بینک	96
	اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شعبے	96
03	حصہ ج بیانیہ سوالات کے جوابات	97
	بینک کی تعریف اور اقسام	97
	مرکزی اور تجارتی بینک میں فرق	99
	ملک کی اقتصادی ترقی میں بینک کا کردار	99
04	درسی کتاب کی مشق	100



حصہ الف کثیر الانتخابی سوالات

دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

1- بینکوں کی اقسام ہوتی ہیں:

(الف) چھ (ب) سات (ج) آٹھ (د) نو

2- ہر ملک کا ایک بینک ہوتا ہے:

(الف) مرکزی بینک (ب) تجارتی بینک (ج) زرعی بینک (د) صنعتی بینک

3- ملک کے اقتصادی نظام کی بہتری میں حکومت کی مدد کرتا ہے:

(الف) حبیب بینک (ب) یونائیٹڈ بینک (ج) الائیڈ بینک (د) اسٹیٹ بینک آف پاکستان

4- حبیب بینک، مسلم کمرشل بینک، الائیڈ بینک اور یونائیٹڈ بینک کا تعلق ہے:

(الف) زرعی بینک سے (ب) صنعتی بینک سے (ج) تجارتی بینک سے (د) مرکزی بینک سے

5- قرضہ فراہم کرنا فرض ہے:

(الف) زرعی بینک کا (ب) تجارتی بینک کا (ج) صنعتی بینک کا (د) مرکزی بینک کا

6- صنعتوں کو وسعت اور ترقی دینے کے لیے بینک قائم کیے گئے ہیں:

(الف) صنعتی بینک (ب) مرکزی بینک (ج) تجارتی بینک (د) زرعی بینک

7 زرعی بینک کا کام ہے:

(الف) تجارت کو فروغ دینا (ب) صنعت کو فروغ دینا (ج) زراعت کو فروغ دینا (د) درآمدات و برآمدات کو فروغ دینا۔

8- یہ بینک امداد باہمی کے اصول کے تحت قائم کیے گئے ہیں:

(الف) بچت بینک (ب) کوآپریٹو بینک (ج) مبادلہ بینک (د) اسٹیٹ بینک

9- زر کے مبادلہ کا کام سرانجام دیتے ہیں:

(الف) مبادلہ بینک (ب) بچت بینک (ج) اسٹیٹ بینک (د) کوآپریٹو بینک

10. چھوٹی بچت کرنے والوں کے لیے قائم کیے گئے ہیں:

(الف) بچت بینک (ب) مبادلہ بینک (ج) کوآپریٹو بینک (د) تجارتی بینک

11. اسٹیٹ بینک کا قیام عمل میں آیا:

(الف) یکم جنوری ۱۹۴۸ء (ب) یکم جولائی ۱۹۴۸ء (ج) یکم اگست ۱۹۴۸ء (د) یکم فروری ۱۹۴۸ء

12. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا سربراہ کہلاتا ہے:

(الف) صدر (ب) وزیراعظم (ج) گورنر (د) مشیر

13. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا صدر دفتر ہے:

(الف) اسلام آباد (ب) لاہور (ج) کراچی (د) راولپنڈی

14. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ذیلی شاخوں کی نگرانی کرتا ہے:

(الف) نیشنل بینک (ب) تجارتی بینک (ج) صنعتی بینک (د) مبادلہ بینک

15. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شعبے ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چھ (د) نو

جوابات

(1)	ب	(2)	الف	(3)	د	(4)	ج	(5)	ب
(6)	الف	(7)	ج	(8)	ب	(9)	الف	(10)	الف
(11)	ب	(12)	ج	(13)	ج	(14)	الف	(15)	ب

حصہ ب مختصر جواب کے سوالات

سوال نمبر 1: بینک کی تعریف کیجئے۔

جواب: بینک (Bank):

ماہرین معاشیات نے بینک کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

1۔ "بینک سے مراد ایک ایسا ادارہ جو عوام کی فاضل رقم لے کر اپنے پاس بطور امانت رکھتا ہے اور یہی رقم ضرورت مند تاجروں اور سوداگروں کو بطور قرض دے کر سود کماتا ہے۔"

2۔ "بینک زر کا کاروبار کرتے ہیں اور قرضوں کا لین دین کرتے ہیں۔"

3۔ "بینک اپنے اور دوسروں کے قرضوں کا کاروبار کرتا ہے، بینک کا کاروبار یہ ہے کہ لوگوں سے قرض لے اور دوسرے لوگوں کو قرض دے اس طرح زر کی تخلیق کرے۔"

متذکرہ بالا تعریفات کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ بینک وہ ادارہ ہے جو عوام کی جمع کی ہوئی رقم سے کاروبار کرتا ہے جس سے کاروبار کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

سوال نمبر 2: بینک کی کتنی اقسام ہوتی ہیں نام لکھئے۔

جواب: بینک کی اقسام (Kinds of Bank):

بینک کی مندرجہ ذیل سات اقسام ہوتی ہیں:

1۔ مرکزی بینک (Central Bank)
2۔ تجارتی بینک (Commerical Bank)
3۔ صنعتی بینک (Industrial Bank)
4۔ زرعی بینک (Agricultural Bank)
5۔ بچت بینک (Saving Bank)
6۔ کوآپریٹو بینک (Co-Operative Bank)
7۔ مبادلہ بینک (Exchange Bank)

سوال نمبر 3: مرکزی بینک کے فرائض مختصراً بیان کیجئے۔

جواب: مرکزی بینک (Central Bank):

مرکزی بینک کے فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ نوٹ جاری کرنا
2۔ حکومت کا بینک
3۔ بینکوں کا بینک
4۔ قیمتوں اور گردش زر پر نظر رکھنا
5۔ حکومت کو مالی مشورے دینا

سوال نمبر4: تجارتی بینک کے فرائض مختصراً بیان کیجئے۔

جواب: تجارتی بینک (Commercial Bank):

تجارتی بینک کے فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ امانتیں وصول کرنا۔
2۔ قرضہ فراہم کرنا
3۔ ترسیل زر
4۔ لاکرز کی فراہمی
5۔ مبادلہ مہیا کرنا

سوال نمبر5: مرکزی بینک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: مرکزی بینک (Central Bank) :

ہر ملک کا ایک مرکزی بینک ہوتا ہے اسی طرح پاکستان کا مرکزی بینک اسٹیٹ بینک آف پاکستان ہے۔ یہ بینک ملک کے اقتصادی نظام کو بہتر بنانے میں حکومت کی مدد کرتا ہے اس بینک کا مقصد منافع کمانا نہیں ہوتا۔

سوال نمبر6: تجارتی بینک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: تجارتی بینک (Commercial Bank) :

ہمارے ملک پاکستان میں حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، الائیڈ بینک۔ وغیرہ تجارتی بینک کہلاتے ہیں ان کی شاخیں اندورون ملک قائم ہیں جن کی خدمات سے عام لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں۔

سوال نمبر7: سُفتجہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: سُفتجہ (Bills of Exchange) :

کاروباری حضرات اور بینک کے مابین ایک عہد نامہ ہوتا ہے جو تین ماہ کی مدت گزرنے کے بعد رقم کی صورت اختیار کرتا ہے اور جب ایک تاجر دوسرے تاجر کو سُفتجہ کے ذریعے ادائیگی کرتا ہے لیکن رقم فوری درکار ہوتی ہے تو وہ تاجر سفتجہ کو بینک میں جمع کر دیتا ہے اور بینک اپنا کمیشن منہا کر کے بقیہ رقم ادا کرتا ہے یہ بھی قلیل مدت کے قرض کی ایک صورت ہے۔

سوال نمبر8: زرعی بینک کس مقصد کے لیے قائم کیے گئے ہیں؟

جواب: زرعی بینک کا قیام (Establishment of Agricultural Bank) :

ملکی زراعت کی ترقی کے لیے حکومت نے زرعی بینک قائم کیے ہیں۔ ان کی شاخیں پورے ملک میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جو کاشتکاروں کو زرعی مقاصد کے لیے قرض فراہم کرتے ہیں یہ رقم کاشتکار اچھے بیج، کیمیاوی کھاد، مشینیں، کیڑے مار دوائیں خریدنے پر صرف کرتے ہیں یہ کام زرعی ترقیاتی بینک پاکستان (ADBP) سرانجام دیتا ہے۔

سوال نمبر9: بچت بینک کا قیام کیوں عمل میں آیا؟

جواب: بچت بینک کا قیام (Establishment of Saving Bank) :

چھوٹی بچت کرنے والوں کے لیے یہ بینک قائم کیے گئے ہیں۔ان بینکوں کے علاوہ یہ کام ملک کے تمام ڈاک خانے بھی سرانجام دیتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے قومی بچت کے مراکز بھی قائم کیے ہیں تا کہ لوگوں میں بچت کی عادت ہو۔ان مراکز سے سیونگ سرٹیفکیٹ جیسی دوسری اسکیمیں وقتاً فوقتاً جاری ہوتی رہتی ہیں۔

سوال نمبر10: کوآپریٹیو بینک اور مبادلہ بینک کیا کام سرانجام دیتے ہیں؟

جواب: کوآپریٹیو بینک (Co-Operative Bank) :

کوآپریٹیو بینک امداد باہمی کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے قائم کیے گئے ہیں ان کا مقصد زراعت کے فروغ کے لیے کاشتکاروں کو قرض فراہم کرنا ہوتا ہے اس کے علاوہ وہ انجمنیں جو امداد باہمی کے اصولوں پر قائم ہیں وہ بھی ان بینکوں سے مستفید ہوتی ہیں ان انجمنوں کا قیام دیہی ترقی اور زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہوتا ہے۔

مبادلہ بینک (Exchange Bank) :

مبادلہ بینک زر کے مبادلہ کا کام سرانجام دیتے ہیں غیر ملکی تجارت میں غیر ملکی کرنسی کی ضرورت ہوتی ہے جو یہ بینک فراہم کرتے ہیں۔

سوال نمبر11: اسٹیٹ بینک آف پاکستان پر چند جملے لکھیے۔

جواب: اسٹیٹ بینک آف پاکستان (State Bank of Pakistan) :

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا قیام یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو عمل میں آیا۔ یہ بینک، مرکزی بینک جیسے فرائض سرانجام دیتا ہے اس کا انتظام سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز اور لوکل بورڈ آف ڈائریکٹرز کرتے ہیں اس بینک کا سربراہ گورنر ہوتا ہے اس بینک کا صدر دفتر کراچی میں واقع ہے۔

سوال نمبر12: پاکستان کے تجارتی بینکوں میں شامل بینکوں کے نام لکھیے؟

جواب: پاکستان کے تجارتی بینک :

پاکستان کے تجارتی بینکوں میں جو بینک شامل ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ نیشنل بینک آف پاکستان
2۔ حبیب بینک لمیٹڈ
3۔ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ
4۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ
5۔ مسلم کمرشل بینک

سوال نمبر13: اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شعبے کون سے ہیں مختصراً بیان کیجیے۔

جواب: اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شعبے :

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مندرجہ ذیل شعبے ہیں:

1۔ شعبہ اجراء: یہ شعبہ نوٹ جاری کرتا ہے اور جاری شدہ نوٹوں کی 30 فیصد مالیت سونے، چاندی اور زرمبادلہ کی صورت میں اپنے پاس محفوظ زر کی شکل میں رکھتا ہے۔

2۔ شعبہ بینکاری: یہ شعبہ ملک کے دیگر بینکوں کی نگرانی کرتا ہے۔

3۔ شعبہ ایکسچینج کنٹرول: یہ شعبہ زرمبادلہ کے حصول اور تقسیم کا انتظام کرتا ہے۔

ترجیح تفصیلی سوالات کے جوابات

سوال نمبر 1: بینک کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کیجیے۔

جواب: بینک (Bank):

ماہرین معاشیات نے بینک کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:

1۔ "بینک سے مراد ایک ایسا ادارہ جو عوام کی فاضل رقم لے کر اپنے پاس بطور امانت رکھتا ہے اور یہی رقم ضرورت مند تاجروں اور سوداگروں کو بطور قرض دے کر سود کماتا ہے۔"

2۔ "بینک زر کا کاروبار کرتے ہیں اور قرضوں کا لین دین کرتے ہیں۔"

3۔ "بینک اپنے اور دوسروں کے قرضوں کا کاروبار کرتا ہے، بینک کا کاروبار یہ ہے کہ لوگوں سے قرض لے اور دوسرے لوگوں کو قرض دے اس طرح زر کی تخلیق کرے۔"

متذکرہ بالا تعریفات کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ بینک وہ ادارہ ہے جو عوام کی جمع کی ہوئی رقم سے کاروبار کرتا ہے جس سے کاروبار کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

بینک کی اقسام (Kinds of Bank):

پاکستان میں مختلف قسم کے بینک قائم کیے گئے ہیں جو اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں بینکوں کی اقسام درج ذیل ہیں۔

1۔ مرکزی بینک (Central Bank)
2۔ تجارتی بینک (Commerical Bank)
3۔ صنعتی بینک (Industrial Bank)
4۔ زرعی بینک (Agricultural Bank)
5۔ بچت بینک (Saving Bank)
6۔ کوآپریٹو بینک (Co-Operative Bank)
7۔ مبادلہ بینک (Exchange Bank)

1۔ مرکزی بینک (Central Bank):

ہر ملک میں ایک مرکزی بینک ہوتا ہے پاکستان کا مرکزی بینک اسٹیٹ بینک آف پاکستان کہلاتا ہے۔ یہ ملک کے اقتصادی نظام کو بہتر

بنانے میں حکومت کی مدد کرتا ہے اس کا مقصد منافع کمانا نہیں ہوتا۔ مرکزی بینک کے فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ نوٹ جاری کرنا
2۔ حکومت کا بینک
3۔ بینکوں کا بینک
4۔ قیمتوں اور گردش زر پر کڑی نظر رکھنا
5۔ حکومت کو مالی مشورے دینا

2۔ تجارتی بینک (Commerical Bank):

تجارتی بینک میں حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، الائیڈ بینک وغیرہ شامل ہیں ان کی شاخیں اندرون ملک قائم ہیں جن کی خدمات سے عام لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ تجارتی بینک کے فرائض مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ امانتیں وصول کرنا۔
2۔ قرضہ فراہم کرنا
3۔ ترسیل زر
4۔ لاکرز کی فراہمی
5۔ مبادلہ مہیا کرنا

3۔ صنعتی بینک (Industrial Bank):

صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے حکومتِ پاکستان نے صنعتی بینک قائم کیے ہیں یہ بینک صنعتوں کی ترقی کے لیے لمبی مدت کے قرض جاری کرتے ہیں۔

4۔ بچت بینک (Saving Bank):

چھوٹی بچت کرنے والوں کے لیے یہ بینک قائم کیے گئے ہیں۔ ان بینکوں کے علاوہ یہ کام ملک کے تمام ڈاک خانے بھی سرانجام دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے قومی بچت کے مراکز بھی قائم کیے ہیں تاکہ لوگوں میں بچت کی عادت ہو۔ ان مراکز سے سیونگ سرٹیفکیٹ جیسی دوسری اسکیمیں وقتاً فوقتاً جاری ہوتی رہتی ہیں۔

5۔ کوآپریٹیو بینک (Co-Operative Bank):

کوآپریٹیو بینک امداد باہمی کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے قائم کیے گئے ہیں ان کا مقصد زراعت کے فروغ کے لیے کاشتکاروں کو قرض فراہم کرنا ہوتا ہے اس کے علاوہ وہ انجمن جو امداد باہمی کے اصولوں پر قائم ہیں وہ بھی ان بینکوں سے مستفید ہوتی ہیں ان انجمنوں کا قیام دیہی ترقی اور زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہوتا ہے۔

6۔ زرعی بینک (Agriculture Bank):

ملکی زراعت کی ترقی کے لیے حکومت نے زرعی بینک قائم کیے ہیں۔ ان کی شاخیں پورے ملک میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جو کاشتکاروں کو زرعی مقاصد کے لیے قرض فراہم کرتے ہیں یہ رقم کاشتکار اچھے بیج، کیمیاوی کھاد، مشینیں، کیڑے مار دوائیں خریدنے پر صرف کرتے ہیں یہ کام زرعی ترقیاتی بینک پاکستان (ADBP) سرانجام دیتا ہے۔

7۔ مبادلہ بینک (Exchange Bank) :

مبادلہ بینک زر کے مبادلہ کا کام سرانجام دیتے ہیں غیر ملکی تجارت میں غیر ملکی کرنسی کی ضرورت ہوتی ہے جو یہ بینک فراہم کرتے ہیں۔

سوال نمبر2: مرکزی اور تجارتی بینک میں کیا نمایاں فرق ہے؟

جواب: مرکزی اور تجارتی بینک میں فرق

(Difference Between a Central Bank & Commerical Bank):

مرکزی اور تجارتی بینک میں نمایاں فرق حسب ذیل ہے:

1۔ نوٹ کا اجرا صرف مرکزی بینک ہی کر سکتا ہے جبکہ تجارتی بینک کو یہ اختیار نہیں ہوتا۔

2۔ مرکزی بینک حکومت کے مالی امور کی نگرانی کرتا ہے جبکہ تجارتی بینک نجی اداروں اور عوام کی امانتیں وصول کرتا اور انہیں قرض فراہم کرتا ہے۔

3۔ مرکزی بینک کا مقصد منافع کمانا نہیں ہوتا بلکہ ملک کی اقتصادیات کو مستحکم بنانا ہوتا ہے جبکہ تجارتی بینک کا مقصد منافع کمانا ہوتا ہے۔

4۔ مرکزی بینک ملک میں گردش زر کو کنٹرول کرتا ہے تاکہ قیمتوں کو مستحکم رکھا جا سکے جبکہ تجارتی بینک اس سلسلہ میں مرکزی بینک کی اعانت کرتے ہیں۔

5۔ مرکزی بینک ملک میں بینکاری کی تمام پالیسیاں خود مرتب کرتا ہے جبکہ تجارتی بینک ان پالیسیوں پر کاربند ہوتے ہیں۔

6۔ حکومت کو مالی مسائل پر مشورہ دینا مرکزی بینک کے فرائض میں شامل ہے جبکہ تجارتی بینک اس معاملے میں تعاون کرتے ہیں۔

سوال نمبر3: ملک کی اقتصادی ترقی میں بینک کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جواب: ملک کی اقتصادی ترقی میں بینک کا کردار:

دور حاضر میں بینک ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

1۔ لوگوں میں روپیہ بچانے کی عادت ڈالتے ہیں اور انہیں کفایت شعاری کی ترغیب دیتے ہیں ملک کے بے شمار لوگ روپیہ تو بچا لیتے ہیں لیکن وہ اس پیسے کا مناسب ترین استعمال نہیں جانتے جبکہ بینک ان کی مناسب رہنمائی کرتے ہیں اور ان کی رقوم مناسب کاموں میں لگ جاتی ہیں۔

2۔ یہ چیک، ہنڈیاں اور ڈارفٹ جاری کرتے ہیں۔ جن سے سکوں اور قیمتی دھاتوں کے استعمال میں کفایت ہو جاتی ہے۔

3۔ بینک روپے کی انتقال پذیری کو بڑھاتے ہیں کیونکہ یہ قرضہ دینے والوں اور قرضہ لینے والوں کو آپس میں ملا دیتے ہیں۔

4۔ ملک بھر سے لاکھوں افراد کی چھوٹی چھوٹی رقوم امانتوں کی صورت میں جمع کرتے ہیں یہ چھوٹی چھوٹی امانتیں بینک کے پاس پہنچ کر بڑی رقم کی صورت اختیار کر لیتی ہیں انہیں بینک کاروبار میں لگا کر کارآمد بناتے ہیں۔

5۔ بینکوں کی بدولت ملک میں بازار زر ترقی کرتا ہے جس کے باعث سرمایہ ایسے کاروبار میں استعمال ہونا شروع ہو جاتا ہے جو زیادہ منافع بخش ہوتے ہیں۔

6۔ جس ملک کا بینکاری نظام جتنا مستحکم ہوگا وہ ملک مالی طور پر اتنا ہی زیادہ مضبوط اور مستحکم ہوگا۔

7۔ جدید دور میں بینکوں کے فرائض کی انجام دہی کے بغیر تجارت، صنعت، زراعت، درآمدات اور برآمدات اس کے علاوہ دیگر شعبے ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتے۔

8۔ اعتباری زر کے فوائد بینکوں کی بدولت ہی حاصل ہوتے ہیں کیونکہ معاشی ترقی میں اعتباری زر بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

درسی کتاب کی مشق

سوال نمبر 1 بینک کی تعریف بیان کیجیے اور ان کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔

جواب دیکھیے بیانیہ جوابات سوال نمبر 1

سوال نمبر 2 مرکزی بینک کے کیا فرائض ہیں؟

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 3

سوال نمبر 3 مرکزی بینک اور تجارتی بینک میں کیا نمایاں فرق ہے؟

جواب دیکھیے بیانیہ جوابات سوال نمبر 2

سوال نمبر 4 ملک کی اقتصادی ترقی میں بینک کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جواب دیکھیے بیانیہ جوابات سوال نمبر 3

سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

1۔ بینک سے مراد وہ ادارہ جو عام لوگوں سے ___ امانتیں ___ وصول کرتا ہے۔

2۔ بینک ___ زر ___ کا کاروبار کرتے ہیں۔

3۔ پاکستان کا مرکزی بینک ___ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ___ کہلاتا ہے۔

4۔ تجارتی بینک ___ تجارتی ___ مقاصد کے لیے اور صنعتی بینک ___ صنعتی ___ مقاصد کے لیے قرض فراہم کرتے ہیں۔

5۔ بچت بینک کے کام ملک کے تمام ___ ڈاکخانے ___ بھی سرانجام دیتے ہیں۔

6۔ سفتجہ کاروباری حضرات اور بینک کے مابین ایک ___ عہدنامہ ___ ہوتا ہے۔